**17.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج رات کنیڈا میں G-7 سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وہ توانائی کی یقینی فراہمی، ٹیکنالوجی اور عالمی چیلنجوں پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

☆ G-7 کے رہنماؤں نے مغربی ایشیا میں امن واستحکام کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ایران کے پاس نیوکلیائی ہتھیار نہیں ہونے چاہئیں۔

☆ اسرائیلی فوج نے ایران کے جنگی عملے کے سربراہ علی شادمانی کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایران نے بھی اسرائیل پر تازہ میزائل حملہ کیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ تین سے چار روز کے دوران مغربی بنگال، بہار، مدھیہ پردیش، گجرات، مہاراشٹر، کرناٹک، آسام اور میگھالیہ میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور بھارتی کرکٹ کھلاڑی اسمرتی مندھانا نے خواتین کی ICC ایک روزہ بین الاقوامی درجہ بندی میں بلے بازی میں پھر اعلیٰ مقام حاصل کرلیا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Canada Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی آج رات بعد میں کنیڈا کے Kananaskis میں G-7 سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وہ توانائی کی یقینی فراہمی، ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری سے متعلق آئندہ کے لائحۂ عمل پر تبادلۂ خیال میں شرکت کریں گے تاکہ بدلتی ہوئی دنیا میں اِن تک رسائی کو یقینی بنایا جاسکے۔ G-7 سربراہ میٹنگ میں وزیر اعظم کی یہ مسلسل چھٹی مرتبہ شرکت ہوگی۔ جناب مودی اہم عالمی معاملات پر G-7 ملکوں کے رہنماؤں اور اس میں شامل بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہان سے تبادلۂ خیال کریں گے۔ وہ اس سربراہ میٹنگ کے موقع پر کنیڈا کے وزیر اعظم Mark Carney سمیت مختلف رہنماؤں کے ساتھ باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔۔۔۔۔

VC Pallavi

جی–7 سربراہ میٹنگ ایک ایسے وقت میں ہو رہی ہے کہ جب دنیا بھر میں کئی ممالک محاذ آرائی پر آمادہ ہیں۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان شدید لڑائی جاری ہے جبکہ روس اور یوکرین بھی ایک دوسرے پر حملے کر رہے ہیں۔ پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد آپریشن سندور کے سبب وزیر اعظم نریندر مودی کا یہ دورہ اہمیت کا حامل ہے۔ G-7 میٹنگ کے دوران وزیر اعظم مودی عالمی رہنماؤں کے ساتھ کئی اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ کنیڈا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دوطرفہ میٹنگ، اُن کے اِس دورے میں توجہ کا مرکز ہوگی۔ دونوں ملکوں کے درمیان تعلیم، خلاء اور آب وہوا کی تبدیلی جیسے شعبوں میں اشتراک کے کافی امکانات موجود ہیں۔

بھوپیندر سنگھ اور Pallavi Parmar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## G7 Joint Statment

مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران G-7 رہنماؤں نے متحدہ طور پر ایک بیان جاری کیا ہے، جس میں اسرائیل اور ایران کے درمیان ابتر ہوتی ہوئی صورتحال کا ذکر کیا گیا ہے۔ G-7 کے رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ میں امن و استحکام کے تئیں اپنے پابند رہنے کو دہرایا ہے۔ انھوں نے اسرائیل کے، اپنے دفاع کے حق پر زور دیا ہے اور اِس ملک کی سلامتی کے لیے اپنی لگاتار مدد کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ G-7 نے ایک مشترکہ بیان میں خطے میں جاری کشیدگی کے دوران شہریوں کی حفاظت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ گروپ نے، ایران کو خطے میں عدم استحکام اور دہشت کا اصل ذریعہ قرار دیا ہے۔رہنماؤں نے اپنے اِس دیرینہ موقف کو برقرار رکھا ہے کہ ایران کو چاہئے کہ اسے کوئی نیوکلیائی ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ G- 7 نے خطے میں بے چینی کی وجہ سے کسی امکانی گڑبڑ کی وجہ سے توانائی کی بین الاقوامی مارکیٹ کا تحفظ کرنے کے لیے ہم خیال ملکوں کے ساتھ تال میل کے ساتھ کام کرنے کی اپنی رضا مندی کا بھی اظہار کیا۔x

## Indian Dispora in Croatia

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں کل کروشیا پہنچیں گے۔ وزیر اعظم، کروشیا کے اپنے ہم منصب Andrej Plenkovic اور صدر جناب Zoran Milanovic کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات کرتے ہوئے کروشیا میں بھارتی سفیر ارون گوئل نے کہا کہ جناب مودی کا کروشیا کا دورہ، بھارت کے یوروپی یونین کے ممالک کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔

S/B: Arun Goel- Impact of PM's Croatia

جناب گوئل نے کہا کہ یہ دورہ کلیدی شعبوں میں تعاون کے ایک نئے دور کی شروعات کرے گا جس کے تحت سائنس اور ٹیکنالوجی، زراعت، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں اشتراک کو مزید تقویت دینے کی غرض سے 4اہم سمجھوتوں پر دستخط کئے جائیں گے۔

S/B: Arun Goel- Ambassador to Croatia-Blrt

مکمل انٹرویو آکاشوانی FM گولڈ چینل اور دیگر فریکوئنسی پر اس وقت نشر کیا جا رہا ہے۔ہمارے نامہ نگار کے مطابق کروشیا میں مقیم بھارتی برادری اور کروشیا کی عوام راجدھانی Zagreb میں جوش و امید سے لبریز، مضبوط تعلقات کیلئے منتظر ہیں۔ x

## Rev. Guj DNA Test

گجرات میں حالیہ احمدآباد طیارے حادثے کے تقریباً 163مہلوکین کی DNA نمونوں کے ذریعے کامیابی کے ساتھ شناخت کی جاچکی ہے اور 124جسدِ خاکی اُن کے اہل خانہ کو سونپے جاچکے ہیں۔ احمدآباد سول اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈینٹ ڈاکٹر راکیش جوشی نے میڈیا کو بتایا کہ 24 جسدِ خاکی مہلوکین کے اہلِ خانہ کو کل صبح سونپ دیئے جائیں گے۔ ریاستی انتظامیہ نے کہا ہے کہ DNA نمونوں کے ذریعے مہلوکین کی شناخت کا عمل تقریباً مکمل ہوگیا ہے۔ ریاستی FSL، مرکزی ایجنسیوں کے تعاون سے فورینسک اور قانونی کارروائی کو تیزی سے پورا کر رہی ہے۔اس دوران ایئر انڈیا کی احمدآباد سے لندن جانے والی پرواز، جسے حالیہ حادثے کے بعد نئے کوڈ کے ساتھ شروع کیا گیا تھا، آج اسے بھی فضائی راستے کی بندشوں اور اضافی احتیاطی جانچ پڑتال کے سبب طیارہ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے منسوخ کر دیا گیا۔ x

## Special Feature 11 Years of Govt

ملک میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں پر مبنی ایک دہائی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ آکاشوانی گزشتہ 11برس میں اہم شعبوں میں حکومت کی کوششوں کے سلسلے میں ایک خصوصی فیچر نشر کر رہا ہے۔ آج ہم سب کیلئے قابل رسائی صحت خدمات سے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔
پیش ہے ایک رپورٹ .........

VC Bhanu Pratap Singh

گذشتہ دہائی میں بھارت نے حفظانِ صحت سے متعلق نظام میں خاطر خواہ تبدیلی آئی ہے۔ آیوشمان بھارت جیسی اہم پہل نے تقریباً 55 کروڑ افراد کو مالی تحفظ فراہم کیا ہے۔ آیوشمان Vay Vandana اسکیم کے تحت 70 برس اور اُس سے زیادہ عمر کے سبھی بزرگ شہریوں کی صحت خدمات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن نے جدید صحت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور 78 کروڑ سے زیادہ آیوشمان بھارت صحت کھاتے قائم کئے گئے ہیں۔مختلف ریاستوں میں ایمس قائم کئے جارہے ہیں جن میں شمال مشرق میں آسام میں پہلے ایمس کے قیام سے حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ بھارت نے کووڈ– 19وبا کے دوران بھی اہم اقدامات کئے۔ گذشتہ 11برس میں ملک میں حفظانِ صحت میں یکسر تبدیلی جامع اور سب کی فلاح وبہبود پر مبنی رہی۔
سب کیلئے صحت خدمات کے نظریے سے تحریک حاصل کرتے ہوئے حکومت نے حفظانِ صحت تک رسائی، اس کے معیار کو بہتر بنانے اور خرچ کم کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔
آکاشوانی نیوز دلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں فیصل خان

## Amarnath Yatra

جموں و کشمیر سرکار نے یاترا مدت کے دوران امرناتھ گُپھا کی طرف جانے والے تمام راستوں کو No Flight Zone قرار دیا ہے۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ذریعے جاری کئے گئے حکم کے مطابق پہلی جولائی سے 10اگست تک پہلگام اور بال تل سمیت امرناتھ یاترا کے راستوں کے اوپر UAVs، ڈرونز اور غباروں سمیت کسی بھی قسم کے ہوا بازی سے متعلق پلیٹ فارمز اور آلات کی پرواز پر پابندی رہے گی۔ البتہ میڈیکل بنیاد پر، آفات کے بندوبست اور سیکورٹی فورسز کے ذریعے نگرانی کا عمل، اِس بندش سے مستثنیٰ رہیں گے۔اس دوران مرکزی داخلہ سیکریٹری گووند موہن کے آج عنقریب شروع ہونے والی امرناتھ یاترا کی سیکیورٹی سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔سرینگر کے پولیس ہیڈکوارٹر میں ہوئی اِس میٹنگ میں جموں و کشمیر کے چیف سکریٹری اور DGP، بھارتیہ فوج کے اعلیٰ عہدیدار نیز خفیہ ایجنسی کے نمائندے و دیگر نے شرکت کی۔

## Puri LPG

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت ملک بھر میں دس کروڑ 33لاکھ سے زیادہ مفت LPG کنکشن تقسیم کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ملک ماحول کیلئے سازگار، پائیدار اور توانائی کے اختراعی ذرائع کے ساتھ توانائی کی یقینی فراہمی کے اہداف کی جانب گامزن ہے۔ وزیر موصوف نے پیٹرولیم کی وزارت اور تیل کی سرکاری شعبے کی مارکیٹنگ کمپنیوں کے عہدیداران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کے دوران یہ بات کہی۔ میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے شمسی توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے قیام کے عمل کا بھی جائزہ لیا جو ملک بھر میں 88ہزار سے زیادہ رٹیل آؤٹ لیٹس کے وسیع ترنیٹ ورک پر مبنی ہیں۔ایک کلو واٹ سے تین کلو واٹ تک اور اس سے زیادہ صلاحیت والے تقریباً 79ہزار ایسے آؤٹ لیٹس پہلے ہی قائم کئے جاچکے ہیں۔x

## Rev. Iran Israel War

ایران اور اسرائیل پانچویں روز بھی ایک دوسرے پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں اور لڑائی والے علاقے میں شہریوں کو سلسلے وار حملوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔تل ابیب اور یروشلم میں دھماکے سنائی دیئے گئے۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ ایران نے تازہ میزائل حملہ کیا ہے۔ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس کے میزائل حملوں میں فوج کے ایک خفیہ مرکز اور موساد کی کارروائیوں سے متعلق ایک سینٹر کو نشانہ بنایا گیا۔

اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے مغربی ایران میں فوجی ٹھکانوں پر مختلف شدید حملے کئے ہیں۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے رات بھر کے ایک حملے میں ایران کے جنگی عملے کے سربراہ علی شادمانی اور اعلیٰ رہنما آیت اللہ علی خامنہ ای کے قریبی کو ہلاک کردیا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی سے بہتر متبادل پر غور کر رہے ہیں۔ جناب ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ اِس لڑائی کو حقیقی طور پر ختم کرنا چاہتے ہیں۔x

## Iran Israel

ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے اعلان کیا ہے کہ اس نے تل ابیب میں اسرائیلی خفیہ مراکز کو کامیابی کے نشانہ بنایا ہے جس میں موساد کا ایک سینٹر بھی شامل ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان فوجی محاذ آرائی کا آج مسلسل پانچواں دن ہے۔ IRGC نے مطلع کیا ہے کہ اُس نے وسطی اسرائیل پر سلسلے وار بیلسٹک میزائل حملے کے دوران دو اعلیٰ سطحی خفیہ مراکز کو نشانہ بنایا جس کے تحت Herzliya, Ramat HaSharon اور Ra'anana میں دھماکوں کی تصدیق کی گئی ہے۔

اسرائیلی میڈیا نے تصدیق کی ہے تل ابیب کے شہری علاقے میں کم از کم پانچ میزائل گِرے ہیں۔ ایران کے ذریعے سفارتی کوششوں کی خاطر اسرائیل کی جانب سے انکار کئے جانے کے بعد لڑائی شدت اختیار کرگئی ہے۔ IRGC کی ایرواسپیس فورس نے مقامات کو خالی کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ اس دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی عہدیداران نے بڑے پیمانے پر حملوں کے خطرات کا حوالہ دیتے ہوئے تہران کے باشندوں کو وہاں سے چلے جانے کیلئے کہا ہے۔x

## Gaza Death

جنوبی غزہ میں امدادی سامان تقسیم کرنے کی ایک جگہ پر اسرائیلی فوج کی جانب سے کی گئی فائرنگ میں 51 افراد سے زیادہ ہلاک اور تقریباً 200 زخمی ہوگئے ہیں۔ حماس کی سول ڈیفنس ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی فوجیوں نے خان یونس میں امدادی سامان تقسیم کرنے کے مقام کے نزدیک بھیڑ پر فائرنگ کی۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق یہ بھیڑ Bani Suhelia شہر جانے والی ایک اہم سڑک کے نزدیک جمع ہوئی تھی، جہاں ہفتوں سے اسرائیلی فوجی کارروائی جاری ہے۔ اسرائیل فوج نے کہا ہے کہ اُس نے اِس واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے سوراشٹر اور کچھ کے علاقوں میں آج شدید سے شدید تر بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔سوراشٹریہ، کچھ، مغربی بنگال، اوڈیشہ، بہار، جھارکھنڈ اور ملک کے دیگر حصوں میں اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران زبردست گرج چمک کے ساتھ شدید بارش جاری رہے گی۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور راجستھان میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔اس دوران دلّی NCR میں بارش ہونے سے لوگوں کو سخت گرمی سے خاطرخواہ راحت ملی ہے۔ نوئیڈا اور گڑگاؤں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی۔

محکمۂ موسمیات نے دلّی–این سی آر سمیت ہریانہ، پنجاب اور اترپردیش میں جمعہ تک گرج چمک، تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ x

## ICC Women's Ranking

آئی سی سی خواتین کی ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں بلے بازی کی درجہ بندی میں بھارت کی اسمرتی مندھلنا نے نومبر2019 کے بعد سے پہلی مرتبہ اوّل مقام پھر سے حاصل کیا ہے۔ 28سالہ کھلاڑی، 727درجہ بندی پوائنٹس حاصل کرکے اول مقام پر ہیں جبکہ جنوبی افریقہ کی Laura Wolvaardt اور انگلینڈ کی N a t Sciver-Brunt مشترکہ طور پر دوسرے مقام پر ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆